© rasailojaraid.com



ادبیات

حافظ محمد ابراہیم فانی
مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# نقشِ وفا

بیادِ مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود قدس سرہ

وہ مردِ مومن صاحبِ صدق و صفا کہاں گئے
وہ رہبرِ اسلامیاں وہ رہنما کہاں گئے

وہ مفتیٔ دینِ متیں وہ خادمِ شرعِ مبیں
وہ دلکشا و دلنشیں وہ دلربا کہاں گئے

وہ عاشقِ ختم الرسلؐ وہ فخرِ اقوام و ملل
وہ پیکرِ علم و عمل وہ مہ لقا کہاں گئے

وہ بحرِ ذخارِ کرم وہ فضل و تقویٰ کے علم
عالیجناب و محترم وہ پارسا کہاں گئے

وہ عزم کے کوہ گراں ملت کے مخلص پاسباں
ہاں وہ امیرِ کارواں نقشِ وفا کہاں گئے

وہ بوذرؓ و سلمانؓ صفت وہ جوہرِ حقانیت
خوددار و عکسِ حریت حق آشنا کہاں گئے

وہ نغز گو شیریں سخن وہ نازش و فخرِ وطن
فانیؔ وہ شمعِ انجمن مردِ خدا کہاں گئے


© rasailojaraid.com